حکومت پاکستان

کابینہ سیکریٹریٹ، کابینہ ڈویژن

عنوان: سرکاری و دیگر مقاصد کے لئے اردو زبان کے استعمال کے متعلق انتظامات

بحوالہ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ یو او نمبر 2/SCR/WMS/2015 مورخہ 27 مئی 2015ء (نقل لف ہے)۔

2. وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کے محولہ بالا خط میں معزز عدالت عظمیٰ کی ہدایت کے مطابق تمام وزارتوں، ڈویژنوں اور ان کے ملحقہ و ماتحت محکمہ جات کو 30 یوم کے اندر اپنی ویب سائٹس کا اردو ترجمہ بھی اپ لوڈ کرنے کو کہا گیا ہے۔ اس سلسلے میں تمام وزارتوں اور ڈویژنوں سے گذارش ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی ویب سائٹس کو انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی اپ لوڈ کر کے مقررہ مدت کے اندر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ کو مطلع کریں۔

3 انگریزی سے اردو میں ترجمہ سے متعلق رہنمائی اور معاونت کے لئے وزارتِ اطلاعات، نشریات و قومی ورثہ کے ماتحت ادارہ برائے فروغِ قومی زبان (National Language Promotion Department) سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

(ڈاکٹر ارم انجم خان)
جوائنٹ سیکریٹری (کابینہ)
فون: 9202918

تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کے سیکریٹریز اور ایڈیشنل سیکریٹریز انچارج

کابینہ ڈویژن خط نمبر Dy.348/15-Cab مورخہ 29 مئی 2015

نقل برائے اطلاع:

1۔ سیکریٹری برائے وزیر اعظم، اسلام آباد

2۔ جناب ملک امانت رسول، ڈائریکٹر جنرل (رابطہ)، وفاقی محتسب سیکریٹریٹ، اسلام آباد

Ministry of Defence Production
Dy No. 1934 /AS (DP)